از طمع چون بود گدا را ننگ ‌ ‌ ‌ کی سزد شاه را بآن آهنگ
حیف باشد ز شاه فرخ فر ‌ ‌ ‌ ظلم جوئی پی زر و زیور

در صفت حسن خلق

چار چیز آمد بزرگی را دلیل ‌ ‌ ‌ هر که این دارد بود مرد جلیل
علم را اعزاز کردن بی حساب ‌ ‌ ‌ خلق را دادن جواب با صواب
هر که دارد دانش و عقل و تمیز ‌ ‌ ‌ اهل علم و حلم را دارد عزیز
دیگر آن باشد که جوید صلح دوست ‌ ‌ ‌ زانکه از دشمن حذر کردن نکوست
ای برادر گر خرد داری تمام ‌ ‌ ‌ نرم و شیرین گوی با مردم کلام
هر که باشد تلخگوی و ترشروی ‌ ‌ ‌ دوستان از وی بگردانند روی

هرکه از دشمن نباشد بر حذر عاقبت بیند از و رنج و ضرر
در میان دوستان مسرور باش گر خبر داری ز دشمن دور باش
ور جدا از خود عدو را ره مده از برای آنکه دشمن دور به
با محبان باش دایم همنشین تا توانی روی اعدا را مبین
ای پسر تدبیر ره را گوشه کن پس حدیث این و آن یک گوشه کن

در صفت سخاوت

سخاوت کند نیکبخت اختیار که مرد از سخاوت شود بختیار
بلطف و سخاوت جهانگیر باش در اقلیم لطف و سخا میر باش
سخاوت بود کار صاحبدلان سخاوت بود پیشهٔ مقبلان
سخاوت مس عیب را کیمیاست سخاوت همه درد ها را دواست
مشو تا توان از سخاوت بری که گوی بهی از سخاوت بری

در صفت قناعت

ایدل تو ز هیچ خلق یاری مطلب وز شاخ برهنه سایه داری مطلب
عزت ز قناعت است خواری ز طلب با عزت خود بساز و خواری مطلب

حرص

ای ز دل مور دولت تنگ تر حرص تو از کوه گران سنگ تر
مور شد این کلهٔ آنچه هست گور شد این دهن باز پیست

گور که خاکش بدهان ریختند | لقمهٔ طلب بود ازان ریختند
آنکه نشد حرص و طمع دور ازو | به که خورد لقمهٔ لب گور ازو
نان بسر خوان لئیمان مخور | زهر خور و سنبزی هر خوان مخور

حسد

ای ز حسد با همه عالم بجنگ | زین عمل بد همه عالم تبنگ
نیست ز رنج حسد امید زیست | وای بجان تو علاج تو چیست
دیدهٔ انصاف ز تو خار دوز | چشم هنربین ز تو مسمار دوز
پیشهٔ تو عیب هنرپیشگان | عیب شمار هنر اندیشگان
عیب کنی مرد هنرکیش را | تا بنمائی هنر خویش را
بد مکن از گردش گردون بترس | زود مکافات کند زان بترس
هر که درین مزرعه شد دانه کار | آرد ازان دانه همان دانه بار
هر که بدی کرد بجز بد ندید | کرد که یک بد که یکی صد ندید

صفت تواضع و مذمت تکبر

ای علم کبر برافراخته | تاج تواضع ز سر انداخته
هر که ازین تاج نشد بهره ور | به که نیابند ز خاکش اثر
خاک ره مردم آزاده باش | بر صفت خاک ره افتاده باش
خاک صفت راه تواضع گزین | خاکی و از خاک نیاید جز این

سجده گه پاک دلان گشته خاک　　زانکه شده در ره مردان پاک

قطعهٔ دعائیه

یارب آن ساعت که جان بر لب رسد　　چشم تر مرده بتاب و تب رسد
شربت شهد شهادت نوشیم　　خلعت راه سعادت پوشیم
چون ندارم در دو عالم جز تو کس　　هم تو می باشی مرا فریادرس

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صرف Etymology. وہ علم ہے جس سے بنانا ایک کلمہ کا دوسرے سے اور گردان اور تغیر اور تبدیل اُسکا معلوم ہو۔
جو بولی آدمی کے منھ سے نکلتی ہے اُسے لفظ Word. کہتے ہین اگر وہ معنی دار ہو تو موضوع Articulate. ہے ورنہ مہمل Inarticulate. لفظ موضوع کو کلمہ Part of Speech. کہتے ہین۔ کلمہ کی تین قسمین ہین اسم۔ فعل۔ حرف۔

۱۔ اسم Noun. وہ ہے جو اکیلا اپنے معنی دے اور اسمین کوئی زمانہ نہ پایا جاے جیسے۔ شیر۔ گربہ۔ سگ۔ فیل اسپ۔ باغ۔ کارساز۔ کارکن۔ نالائق۔

۲۔ فعل Verb. وہ کلمہ ہے جو اکیلا اپنے معنی دے اور اسمین کوئی زمانہ بھی پایا جاوے۔ جیسے کرد۔ رفتہ است۔ آمدہ بود۔ آورد۔ می آموزد۔ خواہم افزود۔ بگیر۔ میرس۔

۳۔ حرف Particle. وہ کلمہ ہے جو اکیلا اپنے معنی نہ دے یعنی جب تک اُسکے ساتھ دوسرا لفظ نہ ملے اپنے معنی نہ ظاہر

کر سکے جیسے از۔ تا۔ را۔ بر۔ اگر۔ چو۔

زمانہ Tense تین ہین۔ ماضی Past tense. جو گذر گیا۔
حال Present جو موجود ہے استقبال Future. جو آئیگا۔

اسم کا بیان

اسم کی باعتبار معنی کے دو قسمین ہین۔ اسم ذات
اسم صفت۔

۱۔ اسم ذات Concrete noun وہ اسم ہے جس سے
صرف ذات کسی چیز کی سمجھی جاوے اور کوئی بھلائی یا برائی اس
سے نہ معلوم ہو۔ جیسے گو سفند۔ گرگ۔ اسپ۔ کبوتر۔ طاؤس
قمری۔ آب۔ چاہ۔ گل۔ شیخ۔ معدن۔ باغ۔

۲۔ اسم صفت Adjective. جس سے علاوہ ذات
کے کوئی بھلائی یا برائی بھی معلوم ہو۔ جیسے حیران۔ پریشان
آسان۔ غمخوار۔ سنگسار۔ سراسیمہ۔ ناسپاس۔ نا امید۔ شرمسار۔ خاکسار۔
خطرناک۔ تشنہ۔

اسم کی بناوٹ کے اعتبار سے تین قسمین ہین۔ جامد۔
مصدر۔ مشتق۔

۱۔ جامد Primitive noun وہ اسم ہے جس سے نہ

کوئی کلمہ نکلا ہو نہ وہ کسی کلمہ سے نکلا ہو جیسے - شاخ - سنگ - تخت تاج - شمع - قلم - کاغذ - سحرگاہ - نیمروز - قلمدان - کتاب - قلعہ

۲- مصدر .Infinitive noun وہ اسم ہے جس سے کسی شے کا ہونا یا کرنا سمجھا جاوے اور اس سے اسم اور فعل بنیں - اسکی علامت یہ ہے کہ آخر میں دن یا تن ہو جیسے گفتن - کردن نوشتن - خواندن - اندوختن - آوردن -

فائدہ مصدر کی ایک پہچان یہ ہے کہ نون مصدری کے نکالدینے کے بعد صیغہ ماضی کا رہجائے اور اسکے اردو ترجمہ میں (نا) علامت مصدر اردو کی ہو -

۳- مشتق .Derivative وہ اسم (اور فعل) ہے جو مصدر سے نکلا ہو - جیسے گفتن سے گفت - کردن سے کرد - رفتن سے رفت - نوشتن سے نوشت - خواندن سے خواند - اندوختن سے اندوخت - آوردن سے آورد -

مشتق کا بیان

مشتقات بارہ ۱۲ ہیں - چھ ۶ افعال ماضی - مضارع - حال مستقبل - امر - نہی - چھ ۶ اسماء - اسم فاعل - اسم مفعول - اسم حالیہ - اسم ظرف - اسم آلہ - حاصل مصدر -

فعل کا بیان

فعل کے لیے فاعل یعنی کرنیوالا ضروری ہے کبھی مفعول یعنی ایسی ذات کی بھی ضرورت ہوتی ہے جسپر فعل واقع ہو۔ اسلیے فعل کی اُسکے مفعول کے ہونے یا نہونے کے لحاظ سے دو قسمیں ہیں ۱ لازم ۔ ۲ متعدی۔

۱۔ فعل لازم Intransitive. وہ فعل ہے جو صرف فاعل کو چاہے مفعول کا محتاج نہ رہے جیسے کبوتران پریدند۔ قطرہ باران بچکید۔ من استادہ بودم۔ او رفت۔ خالد نشست۔ محمود رفت۔

۲۔ فعل متعدی Transitive. وہ فعل ہے جو سوا فاعل کے مفعول کا بھی محتاج ہو۔ جیسے زید عمر را کشت۔ زید ترا پند داد۔ من شمارا نیک پنداشتم۔ زید خالد را بزد۔ محمود طعام خورد۔ محمود خالد را بخواند۔

فعل کی باعتبار اُسکے فاعل کے معلوم ہونے یا نہونیکے دو قسمیں ہیں ۔ ۱ معروف ۔ ۲ مجہول۔

۱۔ فعل معروف Active voice. وہ فعل ہے جسکا فاعل معلوم ہو جیسے زید آمد۔ زید خالد را کتاب داد۔ حامد محمود را بزد۔

۲۔ فعل مجہول Passive voice. وہ فعل ہے جسکا فاعل معلوم

ہو جیسے زید کشتہ شد۔ کتاب خواندہ شد۔ کلاہ آوردہ شد۔

معنی کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں۔ مثبت۔ منفی۔

۱۔ مثبت Affirmative. وہ فعل ہے جس سے ہونا یا کرنا کسی کام کا سمجھا جاوے جیسے کرد۔ گفت۔ رفت۔

۲۔ منفی Negative. وہ فعل ہے جس سے نہونا یا نکرنا کسی کام کا سمجھا جاوے جیسے نکرد۔ نگفت۔ نرفت۔

سوائے امر و نہی کے تمام صیغوں پر ن نفی کا زیادہ کرنے سے صیغہ منفی بنتا ہے۔ مجہول کے صیغوں میں ن نفی کا اکثر علامت مجہول پر لگاتے ہیں جیسے گفتہ نشد۔ کردہ نشد۔ ساختہ نشد۔

ہر فعل کے چھ صیغے Persons and Numbers. ہوتے ہیں واحد غائب۔ جمع غائب۔ واحد حاضر۔ جمع حاضر۔ واحد متکلم۔ جمع متکلم۔

ماضی وہ فعل ہے جس سے گذرا ہوا زمانہ سمجھا Past tense. جاوے اسکی چھ قسمیں ہیں۔ ماضی مطلق۔ ماضی قریب۔ ماضی بعید

سلہ غائب Third person. وہ تیسرا شخص جسکا ذکر تم دوسرے شخص سے کرتے ہو حاضر Second person. جو تمہارا مخاطب ہے متکلم First person. بات کرنیوالا واحد Singular. ایک کو کہتے ہیں جمع Plural. ایک سے زیادہ کو

ماضی شکیہ۔ ماضی استمراری۔ ماضی تمنائی۔

ماضیون کی تعریفین اور اُنکے بنانے کے قاعدے

نیچے لکھے ہوئے قاعدونین ہر قسم کے ماضی کے واحد غائب کا صیغہ بنانا بتایا گیا ہے۔ باقی صیغے بنانے کے لیے واحد غائب کے آگے یہ علامتین زیادہ کردیتے ہین۔ مجہول کے صیغونین یہ علامت مجہول کے بعد لگاتے ہین۔ یہ ضمیرین فاعلی کہلاتی ہین۔

جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ند	ی	ید	م	یم

ا۔ ماضی مطلق Past indefinite وہ ماضی ہے جس سے گذرا ہوا زمانہ بدون لحاظ نزدیک و دور کے سمجھا جاسے یہ ماضی اسطرح بناتے ہیں کہ مصدر کے آخر سے ن اور اسکے پہلے کی حرکت دور کردیتے ہیں جیسے پروردن سے پرورد۔ کردن سے کرد۔ نوشتن سے نوشت۔ آموختن سے آموخت۔ اور انہین صیغون کے آخر میں ہ اور شد زیادہ کرکے مجہول بناتے ہین۔ جیسے پرورده شد۔ کرده شد۔ نوشتہ شد۔ آموختہ شد۔

مصادر ذیل سے ماضی مطلق معروف اور اس سے مجہول بناؤ

آرامیدن	آرام کرنا۔ آرام دینا	آشامیدن	پینا	آغازیدن	شروع کرنا
آگاہیدن	خبردار کرنا۔ خبردار ہونا	آماسیدن	سوجنا	آمرزیدن	بخشنا
ارزیدن	لائق ہونا۔ بکنا	انجامیدن	تمام ہونا	اندیشیدن	سوچنا
باریدن	برسنا	بالیدن	جسم کا بڑھنا۔ زیادہ ہونا	بخشیدن	بخشنا
بریدن	کاٹنا	بوسیدن	چومنا۔ بوسیدہ ہونا	بوئیدن	سونگھنا۔ بو دینا
پاشیدن	چھڑکنا۔ بکھرنا	پائیدن	ٹھہرنا	پرستیدن	پوجنا
پرسیدن	پوچھنا	پرہیزیدن	پرہیز کرنا	پریدن	اڑنا

۲۔ ماضی قریب Present perfect. وہ ہے جو ابھی گذرا ہو اور زمانہ حال سے قریب ہو۔ ماضی مطلق کے آخر حرف کو زیر دیکر ہ اور لفظ است زیادہ کر کے بناتے ہیں۔ جیسے بردہ است کردہ است۔ نوشتہ است۔ آموختہ است۔ ماضی مطلق کے آخر میں ہ اور شدہ است زیادہ کر کے مجہول بناتے ہیں جیسے بردہ شدہ است۔ کردہ شدہ است۔ نوشتہ شدہ است۔ آموختہ شدہ است۔ ضمائر فاعلی کبھی است کے بعد زیادہ کرتے ہیں اور کبھی است کو حذف کر دیتے ہیں جیسے کردہ است۔ کردہ اند۔ کردۂ۔ یا کردہ است۔ کردہ استی۔ کردہ ای۔

مصادر ذیل سے ماضی قریب معروف اور مجہول بناؤ

ترکیدن	بکھرنا	پژوہیدن	فکر کرنا	پسندیدن	پسند کرنا
پوسیدن	کہنہ ہونا کپڑے وغیرہ کا	پوشیدن	پہننا۔ چھپانا	پوئیدن	دوڑنا
پیچیدن	لپٹنا۔ لپیٹنا	تراشیدن	کاٹنا۔ چھیلنا	تراویدن	ٹپکنا
ترسیدن	ڈرنا	ترکیدن	شق ہونا	تفسیدن	گرم ہونا
تفسیدن	گرم ہونا	جنبیدن	ہلنا	جوشیدن	اُبلنا
خفیدن	غائب ہونا	چریدن	چرنا	چسپیدن	لپٹنا
چشیدن	چکھنا	چکیدن	ٹپکنا	خمیدن	لچکنا

۳- ماضی بعید Pluperfect Past perfect وہ ہے جسکو زمانہ حال سے زیادہ عرصہ گذرا ہو۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب کے آخر حرف کو زبر دیکر اسکے بعد ہ اور لفظ بود زیادہ کرکے بناتے ہیں جیسے پرورده بود۔ کرده بود۔ نوشته بود۔ آموخته بود۔ ماضی مطلق کے آخر میں ہ اور شده بود زیاده کرکے مجہول بناتے ہیں جیسے پرورده شده بود۔ کرده شده بود۔ نوشته شده بود۔ آموخته شده بود۔

مصادر ذیل سے ماضی بعید معروف و مجہول بناؤ

خاریدن	کھجلانا	خائیدن	چبانا	خراشیدن	چھیلنا
خرامیدن	ٹہلنا۔ لچکنا۔ جھکنا	خروشیدن	شور کرنا	خریدن	مول لینا

خزیدن	گھسنا	خلیدن	چبھنا	خموشیدن	چپ رہنا
خمیدن	جھکنا	خندیدن	ہنسنا	خنبیدن	تالی بجانا
خوابیدن	سونا	خوشیدن	سوکھنا	خیسیدن	تر ہونا
درخشیدن	چمکنا	درفشیدن	چمکنا۔ کانپنا	دریدن	پھاڑنا
دزدیدن	چرانا	دمیدن	پھونکنا۔ اگنا۔ طلوع ہونا	دوشیدن	دوہنا۔

۳۳۔ ماضی شکیہ یا احتمالی Past dubious وہ ہے جس سے گذشتہ ہوئے زمانہ میں کام کا ہونا یا نہ ہونا شک کے ساتھ سمجھا جائے ماضی مطلق کے صیغۂ واحد غائب کے آخر حرف کو زیر دیکر ہ اور لفظ باشد زیادہ کرکے بناتے ہیں۔ جیسے پروردہ باشد۔ کردہ باشد۔ نوشتہ باشد۔ آموختہ باشد۔ ماضی مطلق کے آخر میں ہ اور شدہ باشد زیادہ کرکے مجہول بناتے ہیں جیسے پروردہ شدہ باشد۔ کردہ شدہ باشد۔ نوشتہ شدہ باشد۔ آموختہ شدہ باشد۔

مصادر ذیل سے ماضی شکیہ معروف اور مجہول بناؤ

دویدن	دوڑنا	رشتن	بٹنا	رزیدن	رنگنا
رسیدن	پہونچنا	رقصیدن	ناچنا	رمیدن	بھاگنا
رنجیدن	آزردہ ہونا	رہیدن	چھوٹنا	ریسیدن	کاتنا
زاریدن	رونا	ژولیدن	الجھنا	سائیدن	پیسنا

ستیزیدن	لڑنا	سزیدن	لائق ہونا	سگالیدن	اندیشہ کرنا
سنجیدن	تولنا	شاشیدن	پیشاب کرنا	شلیدن	نچوڑنا ۔ سیٹی بجانا
شکیبیدن	صبر کرنا	شکوخیدن	ٹھوکر کھانا یا الجھ ہونا کھوڑ لگنا ۔	شوریدن	شور کرنا ۔ پریشان ہونا غصہ ہونا ۔

۵ ۔ ماضی استمراری یا ناتمام Past imperfect.

وہ ہے جس سے گذرے ہوئے زمانہ میں کام کا پورا نہ ہونا یا اسکا بار بار کرنا سمجھا جائے ۔ ماضی مطلق کے اول می یا ہمی لگا کر بناتے ہیں جیسے پرورد یا ہمی پرورد ۔ می کرد یا ہمی کرد ۔ می نوشت یا ہمی نوشت ۔ می آموخت یا ہمی آموخت ۔ ماضی مطلق کے آخر میں ہ اور می شد زیادہ کرکے مجہول بناتے ہیں جیسے پرورده می شد ۔ کرده می شد نوشته می شد ۔ آموخته می شد ۔

مصادر ذیل سے ماضی ناتمام معروف اور مجہول بناؤ

طلبیدن	چاہنا ۔ بلانا	طرازیدن	نقش کرنا	غلطیدن	لوٹنا ۔ لیٹنا
فہمیدن	سمجھنا	کاویدن	کھودنا	کاہیدن	گھٹنا ۔ گھٹانا
کشیدن	کھینچنا	کفیدن	پھٹنا	کندیدن	کھودنا
کوشیدن	کوشش کرنا	گرائیدن	خواہش کرنا	گرویدن	رغبت کرنا
گردیدن	پھرنا ۔ ہونا	گزائیدن	کاٹ کھانا	گزیدن	کاٹ کھانا

۶ ماضی تمنائی یا شرطیہ Past optative or conditional.

وہ ہے جس سے زمانہ گزشتہ میں کسی کام کی خواہش سمجھی جائے۔ ماضی مطلق کے آخر میں زیر اور یائے مجہول زیادہ کرکے بناتے ہیں۔ جیسے پروردے۔ نوشتے۔ آموختے۔ ماضی مطلق کے آخر میں ہ اور لفظ شدے زیادہ کرکے مجہول بناتے ہیں۔ جیسے پروردہ شدے۔ کردہ شدے۔ نوشتہ شدے آموختہ شدے۔

تنبیہ۔ ماضی تمنائی کے صرف تین صیغے واحد غائب۔ جمع غائب۔ واحد متکلم۔ فارسی میں استعمال ہوتے ہیں۔

مصادر ذیل سے ماضی تمنائی معروف اور مجہول بناؤ

گنجیدن	سمانا	گواریدن	ہضم کرنا	لافیدن	فضول بکنا
لرزیدن	کانپنا	لغزیدن	پھسلنا	لیسیدن	چاٹنا
مالیدن	ملنا	چسپیدن	چپسنا	نازیدن	ناز کرنا - فخر کرنا
نالیدن	رونا - شور کرنا	نامیدن	نام رکھنا	نکوہیدن	برا کہنا
نوشیدن	پینا	نیوشیدن	سننا	واخیدن	ڈھلکنا
ورزیدن	اختیار کرنا مشق کرنا	ورغلانیدن	برانگیختہ کرنا بہکانا	وزیدن	ہوا کا چلنا
ترسیدن	ڈرنا	پریدن	اڑنا		

معروف و مجہول ماضیوں کی گردانیں

مثبت معروف مصدر کردن

نام فعل	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ماضی مطلق	کرد	کردند	کردی	کردید	کردم	کردیم
ماضی قریب	کردہ است	کردہ اند	کردۂ	کردہ اید	کردہ ام	کردہ ایم
	کردہ است	کردہ استند	کردہ استی	کردہ استید	کردہ استم	کردہ استیم
ماضی بعید	کردہ بود	کردہ بودند	کردہ بودی	کردہ بودید	کردہ بودم	کردہ بودیم
ماضی شکیہ	کردہ باشد	کردہ باشند	کردہ باشی	کردہ باشید	کردہ باشم	کردہ باشیم
ماضی استمراری	میکرد	میکردند	میکردی	میکردید	میکردم	میکردیم
ماضی تمنائی	کردے	کردندے			کردمے	

مثبت مجہول مصدر کردن

ماضی مطلق	کردہ شد	کردہ شدند	کردہ شدی	کردہ شدید	کردہ شدم	کردہ شدیم
ماضی قریب	کردہ شدہ است	کردہ شدہ اند	کردہ شدۂ	کردہ شدہ اید	کردہ شدہ ام	کردہ شدہ ایم
ماضی بعید	کردہ شدہ بود	کردہ شدہ بودند	کردہ شدہ بودی	کردہ شدہ بودید	کردہ شدہ بودم	کردہ شدہ بودیم
ماضی شکیہ	کردہ شدہ باشد	کردہ شدہ باشند	کردہ شدہ باشی	کردہ شدہ باشید	کردہ شدہ باشم	کردہ شدہ باشیم
ماضی استمراری	کردہ میشد	کردہ میشدند	کردہ میشدی	کردہ میشدید	کردہ میشدم	کردہ میشدیم
ماضی تمنائی	کردہ شدے	کردہ شدندے			کردہ شدمے	

٢- مضارع Aorist. وہ فعل ہے جس سے زمانۂ حال اور استقبال دونوں سمجھا جاوے۔ مصدر سے اسکی علامت (دن یا تن) دور کرکے دال ساکن آخر میں ملائیں اور دال کے پہلے جو حرف ہو اسکو فتحہ دین مضارع واحد غائب بنجائیگا۔ اور مصدر سے اسکی علامت دور کرنیکے بعد پانچوں ضمیرین (جنکا ذکر ماضی کے بیان مین گذر چکا) لگانے سے اور صیغے بنجاتے ہین جیسے پروردن سے پرورد۔ خوردن سے خورد۔ راندن سے راند۔ ماضی مطلق کے آخر ہ اور شود زیادہ کرکے مجہول بناتے ہین۔ جیسے کردہ شود۔ رفتہ شود۔ آموختہ شود۔

مصادر ذیل سے مضارع معروف بناؤ

افشردن	نچوڑنا	افشاندن	جھاڑنا	افگندن	ڈالنا
بافتن	بننا	بودن	ہونا۔ رہنا	پروردن	پالنا
پژمردن	کمہلانا	خواندن	پڑھنا۔ بلانا	خوردن	کھانا
درودن	کاٹنا	راندن	ہانکنا۔ چلانا	ستاندن	لینا
ستردن	مونڈنا۔ صاف کرنا	شگافتن	پھٹنا۔ چیرنا	شگفتن	کھلنا
شنودن	سننا	غنودن	اونگھنا	کشتن	مارڈالنا
کندن	کھودنا	گزاردن	ادا کرنا	گساردن	چھوڑنا۔ کھانا
گستردن	بچھانا	ماندن	رہنا۔ چھوڑنا۔ مشابہ ہونا		

فائدہ - مصادر مستعمل میں سے بعضے ایسے ہیں جنکے آخر میں
(یدن) ہے انسے یدن نکالدینے کے بعد صیغہ مضارع
قاعدہ مذکورۂ بالا بنجاتا ہے کل مصادر جو ماضی کے ہر قسم کے
بعد مشق کے لیے دیے ہیں وہ سب اسی طرح کے ہیں -
۲ مصادر ذیل ایسے ہیں جنسے مضارع کے صیغے نہیں آتے

آهختن	تلوار کھینچنا	آغشتن	آلودہ ہونا	آگندن	بھرنا
آهیختن	نکلنا - تلوار کھینچنا	آستردن	مونڈنا - صاف کرنا	یاریدن	طاقت سے ہونا
خستن	زخمی کرنا	رشتن	کاتنا	ستدن	لینا
شنفتن	سننا	غارتیدن	لوٹنا	کشتن	بونا
نهفتن	چھپانا	نیوشیدن	سننا		

۳ - بہت سے مصادر ایسے ہیں جنکی علامت مصدر سے
پہلے جو حرف ہوتا ہے مضارع بنانے کے وقت اسمیں تغیر ہو جاتا ہے
ایسے مصادر سے مضارع کے صیغوں کا بنانا مبتدی کے لیے دشوار
ہے اور انکے تغیرات کا مبتدی کے سامنے ظاہر کرنا اسکے ذہن کو
قلجان میں ڈالدینا ہے اسلیے وہ مصادر مع انکے مضارع کے کچھ
مستقبل اور حال کے صیغوں کے نیچے مشق کے لیے دیے ہیں اقسام
فعل کے بیان کے ختم پر لکھدیے گئے ہیں تا کہ لڑکے آسانی سے انکو یاد کر لیں

۳-حال Present۔ وہ فعل ہے جس سے زمانہ موجود سمجھا جاوے اُسکے صیغے مضارع کے پہلے می یا ہمی لگا کر بناتے ہین جیسے می پرورد یا ہمی پرورد - می کند یا ہمی کند - می نویسد یا ہمی نویسد می آموزد یا ہمی آموزد۔ ماضی مطلق کے آخر مین ہ اور می شود زیادہ کرکے حال مجہول بناتے ہین - جیسے پرورده می شود- کرده می شود- نوشته می شود- آموخته می شود

مصادر ذیل سے حال معروف اور مجہول بناؤ

آراستن	سنوارنا	آراید	آزردن	ستانا-آزرده ہونا	آزارد
آزمودن	آزمانا	آزماید	آسودن	آرام پانا	آساید
آشفتن	پریشان کرنا پریشان ہونا پراگنده و آشفته ہونا	آشوبد	آفریدن	پیدا کرنا	آفریند
آلودن	آلوده کرنا۔ آلوده ہونا	آلاید	آمدن	آنا	آید
آموختن	سیکھنا-سکھانا	آموزد	آمودن	بھرنا	آماید
آمیختن	ملنا-ملانا	آمیزد	آویختن	لٹکنا-لٹکانا	آویزد
استادن	کھڑا ہونا-ٹھہرنا	استد	افتادن	گر پڑنا	افتد
افراختن	بلند کرنا	افرازد	افراشتن	بلند کرنا	افرازد
افروختن	روشن کرنا	افروزد	افزودن	بڑھنا-بڑھانا	افزاید
افشردن	نچوڑنا	افشارد	انباشتن	پاٹنا-ڈھیرنا	انبارد

انداختن	ڈالنا	انداز	اندوختن	جمع کرنا	اندوز
اندودن	لیپنا - ملمع کرنا	اندای	انگاشتن	معلوم کرنا	انگار

۴- مستقبل Future. وہ فعل ہے جس سے زمانہ آئندہ دیکھا جائے۔ اسکے صیغے ماضی مطلق کے صیغۂ واحد غائب سے پہلے خواہد لانے سے بنتے ہیں جیسے خواہد پرورد۔ خواہد کرد۔ خواہد نوشت۔ خواہد آموخت۔ ماضی مطلق کے آخر میں ہ اور خواہد شد بڑھا کر مجہول بناتے ہیں جیسے پروردہ خواہد شد۔ کردہ خواہد شد۔ نوشتہ خواہد شد۔ آموختہ خواہد شد۔

مصادر ذیل سے مستقبل معروف اور مجہول بناؤ

انگیختن	اٹھانا	انگیز	باختن	ہارنا - کھیلنا	باز
بایستن	چاہنا	باید	بخشودن	بخشنا	بخشاید
بردن	لیجانا	بر	بسودن	چھونا	بساید
بستن	باندھنا	بند	بودن	ہونا	باش - بو
بیختن	چھاننا	بیز	پالودن	صاف کرنا	پالاید
پختن	پکنا - پکانا	پز	پذیرفتن	قبول کرنا	پذیر
پرداختن	خالی کرنا - مشغول ہونا - آراستہ کرنا	پرداز	پنداشتن	معلوم کرنا	پندار
پیراستن	سنوارنا	پیرای	پیمودن	ناپنا	پیماید

سودن	ملنا - ملانا	سوید	تاختن	دوڑنا - دوڑانا	تازد
تافتن	چمکنا - بٹنا	تابد	توانستن	ممکن ہونا - طاقت رکھنا	تواند

معروف اور مجہول مضارع اور حال اور استقبال کی گردانیں

مثبت معروف مصدر کردن

نام فعل	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مضارع	کند	کنند	کنی	کنید	کنم	کنیم
حال	میکند	میکنند	میکنی	میکنید	میکنم	میکنیم
استقبال	خواہد کرد	خواہند کرد	خواہی کرد	خواہید کرد	خواہم کرد	خواہیم کرد

مثبت مجہول مصدر کردن

مضارع	کردہ شود	کردہ شوند	کردہ شوی	کردہ شوید	کردہ شوم	کردہ شویم
حال	کردہ میشود	کردہ میشوند	کردہ میشوی	کردہ میشوید	کردہ میشوم	کردہ میشویم
استقبال	کردہ خواہد شد	کردہ خواہند شد	کردہ خواہی شد	کردہ خواہید شد	کردہ خواہم شد	کردہ خواہیم شد

۵ - امر Imperative. وہ فعل ہے جسمیں کسی کام کرنے کا حکم پایا جاوے اسکا صیغہ واحد حاضر مضارع حاضر سے آخر کی ی حذف کرکے بناتے ہیں جیسے پروری سے پرور - کنی سے کن نویسی سے نویس - باقی اور صیغے مضارع کے صیغوں کی طرح آتے ہیں - اور ماضی مطلق کے آخر میں ہ اور شو بڑھا کر امر حاضر مجہول

بناتے ہین۔ جیسے کردہ شو۔ پروردہ شو۔ نوشتہ شو۔

فائدہ۔ امر کے صیغون پر اکثر ب زائد ہوتی ہے۔

۴۔ نہی Prohibitive. وہ فعل ہے جسمین کسی کے نکرنیکا حکم ہو امر حاضر کے شروع مین م اور امر غائب اور متکلم کے اول مین ن زیادہ کرکے بناتے ہین جیسے مپرور۔ مکن۔ ایسا ہی مجہول م یا ن علامت مجہول یعنی شو پر لگاتے ہین۔ جیسے کردہ مشو پروردہ مشو نوشتہ مشو۔

معروف اور مجہول امر و نہی کی گردان

نام فعل	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
امر معروف	بکند	بکنند	بکن	بکنید	بکنم	بکنیم
امر مجہول	بکردہ شود	بکردہ شوند	بکردہ شو	بکردہ شوید	بکردہ شوم	بکردہ شویم
نہی معروف	نکند	نکنند	مکن	مکنید	نکنم	نکنیم
نہی مجہول	کردہ نشود	کردہ نشوند	کردہ مشو	کردہ مشوید	کردہ نشوم	کردہ نشویم

بقیہ ضروری مصادر مع انکے معنی اور مضارع کے

جستن	کودنا	جہد	خاستن	اٹھنا	خیزد
جستن	ڈھونڈھنا	جوید	خفتن	سونا	خسپد
چیدن	چننا	چیند	خواستن	چاہنا	خواہد

دادن	دینا	دہد	سپوختن	چبھونا - نکالنا	سپوزد
داشتن	رکھنا	دارد	ستائیدن	سراہنا - تعریف کرنا	ستاید
دانستن	جاننا	داند	ستودن	تعریف کرنا	ستاید
دوختن	سینا	دوزد	سرودن	گانا	سراید
دیدن	دیکھنا	بیند	سرشتن	گوندھنا	سرشد
ربودن	لیجانا - اچک لینا	رباید	سفتن	پرونا - بیدھنا	سنبد
رستن	چھوٹنا	رہد	سوختن	جلنا - جلانا	سوزد
رُستن	اُگنا	روید	سودن	پیسنا - گھسنا	ساید
رفتن	جانا - چلنا	رود	شایستن	لائق ہونا	شاید
رفتن	جھاڑو دینا	روبد	شتافتن	دوڑنا	شتابد
ریختن	گرنا - گرانا - ٹپکنا پھینکنا	ریزد	شدن	جانا - ہونا	شود
زادن	جننا	زاید	شستن	دھونا	شوید
زدن	مارنا	زند	شکستن	توڑنا - ٹوٹنا	شکند
زدودن	صیقل کرنا	زداید	شمردن	گننا	شمارد
زیستن	جینا	زید	شناختن	پہچاننا	شناسد
ساختن	بنانا - موافقت کرنا	سازد	شنیدن	سننا - سونگھنا	شنود
سپردن	سونپنا	سپارد	شیفتن	فریفتہ ہونا	شیبد

فرستادن	بھیجنا	فرستد	گزیدن	قبول کرنا، چن لینا	گزیند
فرسودن	گھسنا	فرساید	گسستن	ٹوٹنا - توڑنا	گسلد
فرمودن	فرمانا - حکم دینا	فرماید	گشتن	پھرنا - ہونا	گردد
فروختن	بیچنا	فروشد	گفتن	کہنا	گوید
فریفتن	فریب کھانا - فریب دینا	فریبد	گماشتن	مقرر کرنا	گمارد
کاستن	گھٹنا - گھٹانا	کاہد	ماندن	مشابہ ہونا	ماند
کاشتن	بونا	کارد	مردن	مرنا	میرد
کافتن	کھودنا	کاود	نشستن	بیٹھنا	نشیند
کردن	کرنا	کند	نگاشتن	لکھنا	نگارد
کشادن	کھلنا کھولنا	کشاید	نگریستن	دیکھنا	نگرد
کوفتن	کوٹنا	کوبد	نمودن	کرنا - دیکھنا - دکھانا	نماید
گداختن	پگھلنا - پگھلانا	گدازد	نواختن	سنوارنا - بجانا	نوازد
گذاشتن	چھوڑنا	گذارد	نوشتن	لپیٹنا	نوردد
گذشتن	گذرنا	گذرد	نوشتن	لکھنا	نویسد
گرفتن	لینا - پکڑنا	گیرد	نہادن	رکھنا	نہد
گریختن	بھاگنا	گریزد	ہشتن	چھوڑنا	ہلد
گریستن	رونا	گرید	یارستن	سکنا - طاقت رکھنا	یارد

پاقتن	پانا		پاید	

اسم مشتق کا بیان

اسم فاعل Active participle وہ اسم مشتق ہے جو اُس ذات کو ظاہر کرے جس سے فعل صادر ہو یا اس کے ساتھ قائم ہو۔ اُسکی دو قسمین ہین۔ قیاسی۔ سماعی۔

۱۔ **قیاسی** Regular. امر حاضر کے آخر حرف کو زیر دیکر اسکے بعد ندہ لگاکر بناتے ہین اور یہ ہ جمع کی حالت مین گاف سے بدلجاتی ہے جیسے کن سے کنندہ۔ کنندگان۔ رو سے روندہ روندگان۔ دہ سے دہندہ دہندگان۔ پر سے پرندہ پرندگان در سے درندہ درندگان۔

۲۔ **سماعی یا ترکیبی** Irregular. یہ کئی طرح پر بنتا ہے۔

(۱) امر حاضر کے آخر الف فاعلی بڑھانے سے جیسے گویا۔ دانا۔ بینا۔ رہا۔ رسا۔ گوارا۔

(۲) امر حاضر پر الف و نون فاعلی بڑھانے سے جیسے خواہان۔ نگران۔ باران۔ چسپان۔ گریزان۔ ترسان۔

(۳) امر حاضر پر کوئی اسم لانے سے۔ جیسے غریب نواز۔ کارساز۔ ادب آموز۔ دل آویز۔ دور اندیش۔ خیر خواہ۔

(۴) امر حاضر پر یا ماضی پر گار لگانے سے جیسے آموزگار۔ پرہیزگار
طلبگار۔ آموزگار۔ پروردگار۔ رستگار۔

۲- اسم مفعول Passive وہ اسم مشتق ہے جو اُس
ذات کو ظاہر کرے جسپر فعل واقع ہو۔ اُسکی بھی دو قسمیں ہیں
قیاسی۔ سماعی۔

۱- قیاسی۔ Regular. ماضی مطلق صیغہ واحد غائب کے
آخر حرف کو زیر دیکر اسکے بعد ہ زیادہ کرکے بناتے ہیں اور یہ
ہ بھی حالت جمع میں گاف سے بدل جاتی ہے۔ جیسے آزردہ۔
آزردگان۔ آشفتہ۔ آشفتگان۔ آفریدہ۔ آفریدگان۔ گرفتہ۔ گرفتگان
پروردہ پروردگان۔

۲- سماعی Irregular یہ کئی طرح پر بنتا ہے۔
(۱) امر حاضر کے آخر الف۔ مفعولی بڑھانے سے جیسے پذیرا
(۲) امر حاضر کے آخر الف ونون مفعولی بڑھانے سے۔
جیسے بریان۔
(۳) امر کے پہلے کسی اسم کے لانے سے۔ جیسے۔ دل پسند۔
مصلحت آمیز۔ پائمال۔ دست پرور۔ آدم زاد۔ دست آموز۔

۳- اسم حالیہ Present participle. وہ اسم مشتق ہے

جو فاعل یا مفعول کی حالت ظاہر کرے - امر حاضر کے آخر حروف کو زیر دیکر ان زیادہ کرکے بناتے ہیں جیسے - تابان - درخشان خندان گریان - افتان - خیزان -

۴ - اسم ظرف Adverbial noun. جس سے وقت یا جگہ سمجھی جاوے اسکی دو قسمیں ہیں - ظرف مکان - اور ظرف زمان -

۱ - ظرف مکان Adverb of place. امر حاضر پر کوئی اسم زیادہ کرنے سے یا کسی اسم کے بعد گاہ - وان - ستان کدہ اور غیرہ کلمات ظرفیت کے بڑھانے سے بنتا ہے - جیسے - زرخیز آب ریز - خوابگاہ - نشستگاہ - گلدان - عطردان - اور بستان - خارستان - آتشکدہ - میکدہ -

۲ - ظرف زمان Adverb of time کسی اسم زمان یا مصدر سے پہلے ہنگام یا اسم زمان کے بعد گاہ زیادہ کرکے بناتے ہیں جیسے سحرگاہ - چاشتگاہ - ہنگام سحر - ہنگام چاشت - ہنگام رفتن - ہنگام نشستن -

۵ - اسم آلہ Instrumental noun وہ ہے جو اوزار کے معنی ظاہر کرے - امر حاضر کے بعد ہ زیادہ کرکے یا امر سے پہلے کوئی اسم بڑھا کر بناتے ہیں - جیسے - پیمانہ - پالودہ - استرہ - تابہ

کوبہ - جاروب - بادکش - فتیلہ سوز - قطازن - قلم تراش - رومال - گلگیر -

۲ - حاصل مصدر Verbal noun. وہ ہے جو فعل کے اثر یا نتیجہ کو ظاہر کرے وہ کئی طرح پر بنتا ہے -

(۱) امر حاضر کے آخر کو مکسور کر کے اُسکے بعد شش زیادہ کرنے سے جیسے - سوزش - بارش - بخشش - سازش - آسائش آزمائش -

(۲) اسم فاعل یا اسم مفعول کے آخر یای مصدری بڑھانے سے جیسے دانائی - رسائی - رہائی - شناسائی - گویائی - نگرانی - آزردگی - آلودگی - ماندگی - خستگی - غنودگی - بوسیدگی -

(۳) ماضی اور امر کے ملانے سے - جیسے گفتگو - جستجو - بندوبست -

(۴) ماضی کے آخر میں ار زیادہ کرنے سے جیسے گفتار رفتار - دیدار - کردار -

(۵) امر کے آخر میں اک زیادہ کرنے سے جیسے خوراک پوشاک -

(۶) ماضی یا امر کے صیغے سے کبھی حاصل مصدر کا کام لیتے ہیں جیسے آرام - آشوب - آماس - انداز - پرہیز - خرید - ساخت

شکست۔ زد۔ افتاد۔ پندار۔

اسم جامد کا بیان

جامد کی دو قسمیں ہیں۔ نکرہ۔ معرفہ۔

۱۔ معرفہ Proper noun وہ اسم ہے جس سے خاص اور متعین چیز سمجھی جاوے جیسے زید۔ خالد۔ سعدی۔ نظامی۔ ابوالفضل۔ بشیر الدولہ۔

۲۔ نکرہ۔ Common noun. وہ اسم ہے جس سے خاص اور متعین چیز نہ سمجھی جاوے جیسے مرد۔ زن حیوان انسان سنگ۔ درخت

معرفہ کی سات قسمیں ہیں۔ علم۔ ضمیر۔ اسم اشارہ۔ اسم موصول۔ معہود۔ مضاف۔ ان پانچوں اقسام مذکورہ کی طرف۔ منادی۔

۱۔ علم Proper noun. وہ ہے جو کسی خاص چیز کا نام ہو جیسے آفتاب۔ ماہتاب۔ نیل۔ فرات۔ حامد۔ محمود۔ علم کئی طرح کے ہوتے ہیں

۱۔ کنیت Surname alias جو اب (باپ) ام (ماں) ابن (بیٹا) کی اضافت سے ہو۔ جیسے ابوالقاسم۔ ابوالحسن۔ ابن عباس۔ ابن خلدون۔ ام سلمہ۔ ام کلثوم۔

۲۔ خطاب۔ Title proper name. جو بادشاہ یا امرا کی طرف سے مقرر کیا جاتا ہے۔ جیسے شمس العلما۔ خان بہادر

حاذق الملک - ملک الشعراء - جواد الدولہ - ستارۂ ہند -

۳ - لقب .Cognomen جسمین کسی قسم کی صفت اور تعظیم نکلتی ہو - جیسے نور الدین لقب ہے جہانگیر کا - اورنگ زیب لقب ہے عالمگیر کا - بلبل شیراز لقب ہے شیخ سعدی کا - روئین تن لقب ہے اسفندیار کا -

۴ - تخلص .Poetical name جو شاعر اپنا مختصر نام شعروں مین رکھ لیتے ہین جیسے سعدی - فردوسی - انوری - جامی - نظامی - حافظ

۵ - عرف .Nickname نام مشہور کو کہتے ہین -

۶ - ضمیر .Pronoun ایک مختصر سا اسم ہے جو کسی اسم ظاہر کی جگہ بولا جاتا ہے - جس اسم کے بجاے یہ مختصر اسم آتا ہے اُسکو مرجع .Antecedent کہتے ہین اُسکی دو قسمین ہین متصل - منفصل -

۱ - متصل .Attached pronoun جو کلمہ سے ملی ہوئی آئے یعنی کلمہ کی جزو ہو جیسے گفتم - غلامم کی میم - کردی - رفتی کی ی ثامت - گفتت کی ت -

۲ - منفصل .Detached pronoun وہ ہے جو کلمہ سے علیحدہ ہو جیسے او رفت - کتاب تو - قلم شما - کلاہ من -

چونکہ یہ ضمیرین بجاے اسم کے آتی ہین اور اسم کی تین حالتین ہین اسلیے ان ضمیرون کی بھی تین حالتین ہین - فاعلی مفعولی اضافی

۱- فاعلی Pronoun in the nominative case وہ ہے جو کسی فعل کا فاعل یا مبتدا[1] ہو - جیسے گفتم - آمدند - رفتی - او موجود است - شما آمدید - کتاب تو کجاست -

۲- مفعولی Pronoun in the objective case وہ ہے جو کسی فعل کا مفعول ہو - جیسے اورا گفتہ بودم - شمارا نصیحت کردم - ترا ببازار فرستادہ بودم - دشنامم داد - نصیحتش کردم - چرا زوندش

۳- اضافی Pronoun in the possessive case وہ ہے جو مضاف یا حرف جر[2] کے بعد واقع ہو - جیسے دلم بگرفت - غلامم کجا است - سرش درد میکند - بدستت چیست - باو گفت - بجا ازانی فرمودند - کل سولہ ضمیرین ہین انمین سے دس متصل ہین اور چھ منفصل اور متصل مین سے پانچ فاعلی ہین اور پانچ مع میم کے مشترک ہین -

---

[1] جملہ اسمیہ کے دو جزو ہوتے ہین دوسرے جزو کی نسبت جس جزو کی طرف کیجاے اسکو مبتدا Subject کہتے ہین اور جس جزو کی نسبت کیجاے اسکو خبر Predicate کہتے ہین ۱۲

[2] حرف جر Prepositions جو معنی اسم کو فعل تک پہونچاتے ہین فارسی مین دہ گیارہ حروف ہین - از - در - بر - را - اندر - بے - بہر - براے - تا - با - ب - ۱۲

مفعولی اور اضافی جیسا کہ ذیل کے نقشوں سے ظاہر ہے۔

ا۔ ضمائر متصل کا نقشہ

اقسام	غائب		مخاطب		متکلم		مثالیں
ضمیر	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع	
فاعلی	+	ند	ی	ید	م	یم	کرد۔ کردند۔ کردی۔ کردید کردم۔ کردیم
مفعولی	ش	شان	ت	تان	م	مان	دادش۔ دادشان۔ دادت۔ دادتان۔ دادم۔ دادمان
اضافی	ش	شان	ت	تان	م	مان	دلش دلشان دلت دلتان دلم دلمان

ضمائر منفصل کا نقشہ

اقسام	غائب		مخاطب		متکلم		مثالیں
ضمیر	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع	
فاعلی	او	ایشان یا آنان یا اوشان	تو	شما	من	ما	او دید۔ ایشان دیدند۔ اوشان دیدند۔ تو دیدی۔ شما دیدید۔ من دیدم۔ ما دیدیم
مفعولی	اورا یا ویرا	ایشان را یا اوشان را	ترا	شمارا	مرا	مارا	اورا دید۔ ایشان را دیدند۔ ترا دید۔ شمارا دید۔ مرا دید۔ مارا دید۔
اضافی	او یا وے	ایشان یا اوشان	تو	شما	من	ما	دل او۔ دل ایشان۔ دل تو۔ دل شما۔ دل من۔ دل ما۔

نقشہ نمبر(۱) سے معلوم ہوگا کہ ضمیر متصل واحد غائب کے لیے
کوئی لفظ فارسی میں ظاہر نہیں ہے مگر اسمیں او پوشیدہ ہے۔
ہر فعل کے صیغۂ واحد غائب اور امر و نہی کے صیغۂ واحد حاضر میں
پوشیدہ آتی ہے اور دن میں ظاہر۔

۳۔ اسم اشارہ Demonstrative pronoun وہ اسم ہے
جس سے کسی چیز یا شخص یا مقام کی طرف اشارہ کیا جاسے جسکی
طرف اشارہ کریں اسکو مشار الیہ Noun 'demonstrated
کہتے ہیں اسکے لیے دو لفظیں مشہور ہیں این نزدیک کے لیے
اور آن دور کے لیے اسکی جمع حسب قاعدہ آتی ہے یعنی جاندار
کے لیے ان کے ساتھ آنان۔ اینان اور بے جان کے لیے
ہا کے ساتھ آنہا۔ اینہا۔ جیسے این آمد۔ اینان میروند۔ آنکس را
آواز بدہید۔ آنہا میروند۔ آنہا آمدند۔ اینہا خوردند۔

۴۔ اسم موصول Relative pronoun. وہ ناتمام اسم
ہے جسکے آگے ایک اور جملہ اُس کا بیان واقع ہو وہ جملہ صلہ
کہلاتا ہے صلہ اور موصول کے Relative clause.
درمیان کاف ضرور لاتے ہیں۔ موصول صلہ سے ملکر اس قابل
ہوتا ہے کہ کسی جملہ کا جزو ہوسکے یعنی فاعل یا مفعول یا مبتدا

یا خبر ہو سکے اور وہ جملہ جسکو صلہ کہتے ہیں اسمین ایک ضمیر ہوتی ہے جو اسم موصول کی جانب پھرتی ہے۔

(۱) ہرکہ۔ ہرکسیکہ۔ ہرآنکہ۔ ہرآنکس کہ۔ آنکہ۔ آنانکہ۔ اینکہ اینانکہ۔ آنکس کہ۔ آنکسانیکہ۔ انسان کے لیے آتا ہے جیسے قناعت کند ہرکہ نیک اختر ست۔ تواضع کند ہرکہ ہست آدمی۔ ہرکسکہ بد کرد نیکی ندید۔ آنانکہ شکایتم کردند رسوا شدند۔ آنکہ زید را کشتہ بود بگریخت۔ ہرآنکس کہ در بند حرص او فتاد۔ تمیز و بخیل آنکہ تا مشں بری۔

(۲) ہرچہ۔ ہرآنچہ۔ آنچہ۔ آنہاچہ۔ اینہاچہ۔ غیر انسان کے لیے آتا ہے۔ جیسے ہرچہ گفتی راست و درست بود۔ آنچہ گفتند عین صواب بود۔

(۳) اسم نکرہ واحد ہو یا جمع یای توصیفی اور کاف صلہ سے ملاکر اسم موصول بنتا ہے۔ جیسے کسیکہ۔ کسانیکہ۔ چیزیکہ۔ چیزہائیکہ۔ مثلاً کسانیکہ بد کردند نیکی ندیدند۔ کسیکہ نزد من آمدہ بود زید بود۔ چیزیکہ نزد من است بہتر است۔ چیزہائیکہ نزد ما بود ضائع گشت۔

۵ معہود Definite common noun. وہ دو ہیں ذہنی خارجی

ا۔ معہود ذہنی Definite common. وہ اسم ہے جو صرف

متکلم اور مخاطب کے ذہن مین متعین ہو جیسے لفظ دوست و دشمن وغیرہ سے کوئی خاص شخص مراد لیا جاے مثلاً امروز دوست من نیامد۔

معہود خارجی۔ وہ اسم ہے جسکو متکلم یا مخاطب کے سوا بات چیت کے قریب یا کسی اور وجہ سے اور لوگ بھی جانتے ہون جیسے برادر نامہربان سے عالمگیر کی مراد دارا شکوہ یا پیرادو سے مراد بخش ہے۔

۶۔ مضاف Possessive. چونکرہ معرفہ کے ان پانچون اقسام مذکورہ مین سے کسی کی طرف مضاف ہو وہ بھی معرفہ ہے۔ جیسے غلام زید۔ کتاب من۔ اسپ آن مرد ہمراہی شخصیکہ دیروز آمدہ بود۔ پسر اوست۔

۷۔ منادی Vocative. وہ ہے جو بذریعہ حرف ندا کے پکارا جاوے۔ جیسے اے مرد۔ اے زن۔ اے غلام۔

تذکیر و تانیث کا بیان

فارسی کے اسم اور صفت اور فعل اور ضمیر اور اسم اشارہ مین مذکر اور مونث کا فرق نہین ہے۔ جیسے پدر گفت۔ مادر گفت برادر بزرگ۔ خواہر بزرگ۔ او می گوید۔ عورت اور مرد

دونون کے لیے- آن مرد- آن زن-

جمع کا بیان

فارسی مین باعتبار گنتی کے اسم کی دو قسمین ہین-
واحد- جمع-

۱- واحد Singular وہ جو ایک کو بتلائے-

۲- جمع Plural وہ ہے جس سے ایک سے زائد چیزین سمجھی جائین- جمع دو طریقہ سے بنتی ہے-

(۱) جاندار کی جمع ان سے جیسے مرد کی جمع مردان- زن کی جمع زنان- اسپ کی اسپان- سگ کی سگان- کبوتر کی کبوتران- شیر کی شیران-

(۲) بیجان کی ہا سے جیسے گل کی گلہا- خار کی خارہا- شب کی شبہا-

اگر جاندار اسم کے آخر مین الف یا واو ہو تو علامت جمع سے پہلے ی زیادہ کرتے ہین جیسے دانایان- روستایان گدایان- خوشخویان- گردیان جنگجویان- اگر ہ ہو تو گاف سے بدل دیتے ہین جیسے بندگان- نویسندگان- آیندگان-

اگر بیجان اسم کے آخر مین الف یا واو ہو تو ی نہین لاتے

جیسے شنا ہا۔ بنا ہا۔ گفتگو ہا۔ بو ہا۔ اور اگر ہ ہو تو گر جاتی ہے جیسے جامہا۔ خامہا۔

فائدہ۔ کبھی جمع قاعدۂ مذکور کے خلاف بھی آتی ہے جیسے چشمان۔ ابروان۔ بازوان۔ خرہا۔ اسپہا۔

۲۔ کبھی فارسی الفاظ میں عربی کی علامت جمع ات یا لفظ۔ جات لگا کر جمع بناتے ہیں۔ جیسے بیگمات۔ نوازشات دستورات۔ نقشجات۔ کارخانجات۔ پروانجات۔ نوشتجات نامجات۔



السنة شرقية اسلامية